© rasailojaraid.com

**حج البیت** — تالیف: محمد شریف اشرف، سابق پروفیسر مدینہ یونیورسٹی۔ ناشر: ملک سنز، تاجران کتب، کارخانہ بازار، فیصل آباد۔ قیمت غالباً ۔/۳۲ روپے۔

مؤلف بہ سلسلۂ تدریس ۱۵ سال مدینہ منورہ میں مقیم رہے ہے۔ حج کے طریقے، آداب، مناسک، شعائر اور دعاؤں کا بیان جیبی سائز کے اس کتابچے میں اس طرح کیا گیا ہے کہ یہ حج کی اچھی گائیڈ بک بن گئی ہے، مگر وہاں جن مسائل و مصائب کا حاجیوں کو سامنا ہوتا ہے اور جو حرکتیں یہ لوگ وہاں جا کر کرتے ہیں، ان کے متعلق تعلیم و تلقین کی ضرورت کچھ زیادہ ہے۔

---

**خطوطِ مودودیؒ** — مرتبہ: ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی و پروفیسر سلیم منصور خالد۔

ناشر: البدر پبلی کیشنز، ۲۳ راحت مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ قیمت ۔/۲۵ روپے

بہت اچھی کوشش ہے۔ مولینا کے خطوط کا یہ مجموعہ تحقیقی انداز پر مرتب کیا گیا ہے۔ ہر مکتوب اور مکتوب الیہ کے متعلق ضروری معلومات دی گئی ہیں۔ ضروری تعلیقات و حواشی کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ ان خطوط میں اس وقت کی عام تاریخ اور تحریک اسلامی کی تاریخ کی جھلکیاں بھی ہیں۔ اور مولینا اور ان کے مکتوب الیہان کی شخصیت و سوانح کے انعکاس بھی۔ اس وقت حصہ اول اچھی طباعت اور سفید کاغذ کے ساتھ ہمارے سامنے ہے، اور اب اگلے حصے کا انتظار ہم کریں گے۔

---

**شرف المسلم** — تالیف: الدکتور محمد اسحٰق۔ مدینہ منورہ۔ ناشر: طابع: المطبعۃ العربیۃ لاہور پاکستان۔ قیمت نامعلوم۔ ملنے کا پتہ درج نہیں۔ اگر مؤلف سے ملتی ہے تو ان کا پتہ ہے ص ب ۷۵۵۸، المدینۃ المنورہ۔ المملکۃ العربیۃ السعودیۃ۔

اس کتاب میں بڑی جامع تحقیقی بحث کی گئی ہے کہ بروئے نصوص ڈاڑھی کو ملا نیابت اور بلا مداخلت بڑھنے کے لیے چھوڑ دینا چاہیے۔ دوسرے تمام فقہی مسالک اور ائمہ کے فتووں کو بے وقعت ثابت کر دیا گیا ہے۔ اس معاملے میں آئندہ کسی پرچے میں مجھے بھی ایک

© rasailojaraid.com